# Rampur State Gazette.

# گزٹ ریاست رامپور

## بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم


| جلد ۲۸ | مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۳ جمادی الثانی سنہ ۱۳۳۴ھ مطابق ۱۷ اپریل سنہ ۱۹۱۶ء | نمبر ۱۶ |
|---|---|---|


### ملخص حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

### رخصت

۱۰ اپریل سنہ ۱۹۱۶ء

شعبہ عرضداشت صاحب پرائیویٹ سکریٹری بہادر رخصت پندرہ یوم محمد نیاز خاں منصرم اصطبل من ابتداء ۱۵ لغایت ۳۰ اپریل سنہ ۱۹۱۶ء بغرض روانگی ہلدوانی و گونڈہ بکارکردگی منیجر صاحب اصطبل منظور ہوگئی

---

فہرست مضامین


| نمبر شمار | خلاصہ مضمون | نمبر صفحہ |
|---|---|---|
| ۱ | رخصت منصرم اصطبل | ۱ |
| ۲ | عطائے پنشن بجائے انعام بہ اسپریل سروس انفنٹری | ۲ |
| ۳ | باہتمام شمولی معاملہ غیر متعلق اصطبل زیر تحقیقات | ۲ |
| ۴ | اضافہ ارشاد علیخاں چابکسوار | ۲ |
| ۵ | نقشہ نرخنامہ اجناس | ضمیمہ |

## روبکار اجلاس عالیہ دار الانشاء اعلیحضرت حضور پرنور دام ملکہم
### واقع ۱۲ اپریل سنہ ۱۹۱۶ء

امپیریل سروس انفنٹری کا کوئی جوان جو میدان جنگ میں بوجہ بیماری یا زخم کام آئے۔ اُسکے ورثہ کی پرورش کیواسطے ریاست سے پنشن دیجائیگی۔ قاعدہ مقرر ہوگیا ہے۔ چونکہ ما بدولت و اقبال کو اپنے سپاہیونکی مزید پرورش اور اُنکی حوصلہ افزائی منظور خاطر ہے اسلئے تجویز کیا جاتا ہے کہ آیندہ جو فوجی ملازم میدان جنگ سے زخمی یا بیمار واپس آئے اور آیندہ انجام دہی خدمات کے قابل نہ رہے اُسکو بجائے انعام پنشن دی جائے بشرطیکہ میڈیکل بورڈ اُسکو ہمیشہ کیواسطے "ان فٹ" قرار دیدے۔

حکم ہوا کہ

احکام ضابطہ جاری ہوں۔ میجر عبد الکریم خان بہادر کمانڈنگ امپیریل سروس انفنٹری کو جو میدان جنگ میں ہیں دفتر فوجی سے اطلاع دیجائے گزٹ میں بھی درج ہو۔ اصل روبکار شامل مثل رہے۔

بائی آرڈر

## حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر
### واقع ۱۶ مارچ سنہ ۱۹۱۶ء

اکثر دیکھا جاتا ہے کہ ایک معاملہ میں بہنگام تحقیقات تحصیلدارت میں دوسرے معاملات کو شامل کر دیا جاتا ہے جس وجہ سے ابتدائی معاملہ اُلجھن میں پڑ جاتا ہے اور دوسرے معاملہ کی کارروائی شروع ہو جاتی ہے جیسا کہ مثل موضع [illegible] گذشتہ میں ابتدائی کارروائی قطع درختان کی ہوئی اور اوسکے بعد گرداور نے تحقیقات قطع باسی شروع کر دی [illegible] اور ابھی مثل دیکھنے میں آئی ہے کہ ابتدا کسی معاملہ سے ہوئی اور درمیانی معاملات چھڑ جانے سے مثل پیچیدہ ہو گئی لہذا حسب تحریک اسسٹنٹ ریونیو سکرٹری جملہ تحصیلداران کو باجرائے احکام اطلاع دیجائے کہ آیندہ دوران تحقیقات میں غیر متعلق معاملہ کو شامل زیر تحقیقات میں شامل نہ کیا جائے بلکہ بہنگام تحقیقات اگر دوسرا معاملہ ثابت ہو تو اوس کی علیحدہ تحقیقات کیجایا کرے۔

ملاحظہ ہوا۔ نقل حکم منسلکہ بغرض اندراج گزٹ مطبع سرکاری کو مرسل ہو اور باجرائے احکام جملہ تحصیلداران کو اطلاع دیجائے۔

## روبکار اجلاس جناب صاحب پرائیویٹ سکرٹری بہادر
### واقع ۹ اپریل سنہ ۱۹۱۶ء

ارشاد علیخان پیشکار صاحب سپرنٹنڈنٹ ذات خاص کے کاغذات اضافہ ملاحظہ ہوئے۔ جناب صاحب سپرنٹنڈنٹ ذات خاص نے لکھا ہے کہ ارشاد علیخان کو پندرہ روپیہ تنخواہ ملتی ہے سنہ ۱۹۱۲ء میں دو روپیہ اضافہ ہوا تھا۔ کام اچھی طرح انجام دیتے ہیں مستحق اضافہ ہیں پانچ روپیہ کی سفارش ہے۔ لہذا

حکم ہوا کہ

ارشاد علیخان کی موجودہ تنخواہ میں بالفعل تین روپیہ اضافہ کیا جائے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

## نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدائے ۹ لغایت ۱۵ اپریل سنہ ۱۹۱۲ع

| نام جنس | حضور تحصیل | شاہ آباد | ملک | بلاسپور | سوار | ٹانڈہ | کیفیت |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| گندم | ۸۰ار | ۹ار | | | ۹۰ار | ۸۰ار | |
| نخود خالص | ۱۲ار | ۱۳ار | | | ۱۳ار | ۱۲ار | |
| نخود کسرآمیز | ۱۲۰ار | ۱۳ار | | | ۱۳۰ار | ۱۳۰ار | |
| کسر | | | | | ۱۵ار | ۱۴ار | |
| ماش | ۷۰ار | ۷ار | | | ۶۰ار | ۸ار | |
| مونگ | ۸ار | ۷ار | | | ۶۰ار | ۷ار | |
| مکا | ۱۶ار | ۱۵ار | | | ۱۶ار | ۱۶ار | |
| جئی | ۱۱ار | ۰ | | | - | ۱۴ار | |
| نخود جئی | ۰ | ۰ | | | ۱۳ار | ۱۲ار | |
| عدس | ۱۱ار | ۱۳ار | | | ۱۲ار | ۱۱ار | |
| ارہر | ۱۱ار | ۱۲ار | | | ۱۲ار | ۰ | |
| برنج | ۶ار | ۶ار | | | ۶۰ار | ۶ار | |
| روغن زرد | ۰ر/ار | ۵ار | | | ۵ار | ۰ر/ر/ار | |
| روغن سیاہ | ۲۰ار | ۲۰ار | | | ۲۰ار | ۳ار | |
| روغن کنجد | ۱۰ار | ۲ار | | | ۲ار | ۱۰ار | |
| نمک سانبھر | ۱۰ار | ۱۲ار | | | ۱۲ار | ۱۳۰ار | |
| نمک لاہوری | ۸ار | ۱۲ار | | | ۱۰ار | ۱۳ار | |
| قند سیاہ | ۵۰ار | ۶ار | | | ۵۰ار | ۶ار | |
| باجرہ | ۱۱۰ار | ۱۴ار | | | ۱۲ار | ۰ | |

مطبوعہ پریس ریاست رامپور